20-01-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLTINE 17.50 HRS

سرخیاں

......ایز آف ڈوئنگ بزنس میں رول ماڈل تلنگانہ میں سرمایہ کاری کرنے ڈاوس میں منعقدہ ورلڈ اکنامک فورم اجلاس میں صنعتکاروں سے وزیرآئی ٹی ڈی سریدھر بابو کی خواہش۔

......ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ ملک میں معاشی ۔سماجی موضوعات کو بالا طاق رکھتے ہوئے کارپوریٹ طاقتیں پارلیمانی جمہوریت کو چیالنج کررہی ہیں۔

......ریاستی وزیرزراعت ٹی ناگیشورراو نے کہا کہ ریاستی حکومت کے تیارکردہ یوریا ایپ کی مرکزی کھاداور کیمیکلس کے محکمے نے کی ستائش۔ اور

......بی جے پی کے ریاستی صدر رامچند رراو نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سنگارینی نائنی کول بلاک ٹینڈر منسوخی معاملہ کانگریس پارٹی کے کمیشن اور کنٹراکٹرس کی حکمران کی مثال ہے۔

SRIDHAR BABU

ریاستی وزیرڈی سریدھر بابو نے ایز ڈونگ آف بزنس کے تحت دیگر ریاستوں کے لئے مثالی ثابت ہونے والی تلنگانہ ریاست میں سرمایہ کاری کی نامور صنعتکاروں سے خواہش کی۔انہوں نے سوئزرلینڈ کے ڈاوس میں آج ورلڈ اکنامک فورم اجلاس کے موقع پر منعقدہ انڈیا پویلین کی افتتاحی تقریب میں تلنگانہ حکومت کے نمائندے کے طور پر شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت مستقبل کی تعمیر کے مقصد سے خدمات انجام دے رہی ہے۔سال 2047 تک ملک کی جی ڈی پی میں تلنگانہ کا حصہ دس فیصد کرنے کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔اسی مقصد کے تحت حکمت عملی کے ذریعہ اقدامات کئے جارہے ہیں۔

TUMMALA

ریاستی وزیرزراعت تملا ناگیشورراو نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت کی جانب سے تیارکردہ یوریا ایپ کی مرکزی محکمہ کھاداور کیمکل کی جانب سے ستائش کی گئی ہے۔انہوں نے آج سکریٹریٹ میں مختلف محکموں کی کارکردگی کی پیش رفت پر جائزہ اجلاس منعقد کیا۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ تلنگانہ ویژن 2047 کی حکمت عملی پر موثر طریقے سے عمل آوری کی جائے۔ریاستی وزیر نے بتایا کہ زرعی اوزار

سے متعلق اسکیم کے تحت ابھی پچاس کروڑ روپئے خرچ کئے گئے ہیں۔مزید پچاس کروڑ روپئے خرچ کرنے کے لئے حکومت تیار ہے۔

NITIN NABIN

بھارتیہ جنتا پارٹی کے کارگذار صدر کے طور پر خدمات انجام دینے والے نیتین بین نے پارٹی کے نئے قومی صدر کے طور پر آج اپنی ذمہ داری سنبھال لی۔ پارٹی کے قومی ریٹرنگ آفیسر ڈاکٹر کے لکشمن نے آج نئی دہلی میں واقع بی جے پی کے مرکزی دفتر میں منعقدہ سنگھٹن پر وو۔ تقریب میں نبین کا پارٹی صدر کے طور پر اعلان کیا اور انہیں سرٹیفکٹ حوالے کیا۔دنیا کی سب سے بڑی پارٹی بی جے پی کے قومی صدر کے طور پر مقرر ہونے پر نیتین نبین کو وزیر اعظم نریندر مودی نے مبارکباد پیش کی۔

RAM CHANDAR RAO

بی جے پی کے ریاستی صدر رامچند رراو نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سنگارینی نائنی کول بلاک ٹینڈر منسوخی معاملہ کانگریس پارٹی کے کمیشن اور کنٹراکٹرس کی حکمران کی مثال ہے۔انہوں نے آج نئی دہلی میں تلنگانہ بھون میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ترقی کے لئے نہیں صرف کمیشن کے لئے ہی ٹینڈرس طلب کئے جارہے ہیں۔نائنی کول بلاک کے ذریعہ یہ بات واضح ہوگئی ہے۔

NALGONDA KOMAT REDDY

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت کسانوں کی حامی حکومت ہے۔ اور زرعی شعبے کے لئے کئی ہزار کروڑ روپئے بھی خرچ کرنے کے لئے حکومت تیار ہے۔انہوں نے نلگنڈہ ضلع کلکٹریٹ میں کل شام کسانوں میں آٹھ کروڑ روپئے مالیتی زرعی اوزار پچاس فیصد سبسیڈی پر تقسیم کئے۔اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ

Sound byte

HYDRAA

کمشنر ہائیڈرا اے وی رنگاناتھ نے واضح کیا کہ ماحول دوست شہر ہی ان کا مقصد ہے۔اسی مقصد کے تحت تالابوں اور ان سے مربوط نالوں کا تحفظ کیا جارہا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ہائیڈرا مطلب صرف غیر قانونی قبضوں کو برخواست کرنے والا ادارہ ہی نہیں بلکہ عوامی املاک کا تحفظ۔ماحول کا تحفظ اور آفات سماوی کے موقع پر خدمات کے علاوہ شہر کا تحفظ اسکا مقصد ہے۔کل رات حیدرآباد کے اسپیک ان ایشیاء ڈائیلاگس فورم 2026 کی جانب سے منعقدہ اجلاس میں آئی ٹی ،طلبا،اداروں کے علاوہ کئی شعبوں کے ماہرین کو انہوں نے ہائیڈرا کی کارکردگی سے واقف کروایا۔یہ اجلاس ایشیاء میں تکلنیک۔صلاحیت۔اورتبدیلی کے موضوع پر منعقد کیا گیا تھا۔

WORLD ECNOMIC FOURM- CM

سوئزرلینڈ کے ڈاوس میں منعقدہ ورلڈ اکنامک فورم اجلاس کے موقع پر چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں ریاست کے وفد نے آج بعض صنعتکاروں کے ساتھ اجلاس منعقد کیا۔اس کانفرنس میں شرکت کے لئے سوئزرلینڈ پہونچے پر چیف منسٹر کا ایئرپورٹ پر غیر مقیم ہندوستانیوں اور سفارتخانے کے عہدیداروں نے استقبال کیا۔ چیف منسٹر کے ہمراہ ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی ہیں۔جبکہ ریاستی

وزیر آئی ٹی سریدھر بابو پہلے ہی ڈاوس پہونچ چکے ہیں۔ چار دنوں تک جاری رہنے والے اس اجلاس میں گوگل۔ سیلز فورس۔ یونی لیور۔ جیسی عالمی سطح کی کمپنیوں کے سی ای اوز کے ساتھ چیف منسٹر راست اجلاس منعقد کریں گے۔ اس دورے کا مقصد آئی ٹی۔ آرٹیفشل انٹلیجنس۔ لائف سائنس اور پیداوار کے شعبے میں ریاست میں سرمایہ کاری کو راغب کرنا ہے۔

VIVEK VANKATA SWAMY

ریاستی وزیر وینکٹ سوامی نے کہا ہے کہ امروت اسکیم کے تحت تیس کروڑ روپئے منظور کئے گئے ہیں۔ اور آنے والے چھ ماہ کے دوران ہر گھر کو نل کنکشن فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے ضلع منچریال چنور کے مندامری میں آج دورے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

Sond byte

SIRSILLA

بی آر ایس کے کارگذار صدر اور رکن اسمبلی تارک راما راو نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ضلع راجنا سرسلہ میں میگا پاور لوم کلسٹر کی منظوری کے معاملے میں مرکزی حکومت کی جانب سے شدید امتیازانہ رویہ اختیار کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کلسٹر کے قیام کے لئے سرسلہ اہل ہونے کے باوجود مرکزی وفد کی جانب سے اس کی تصدیق کے باوجود دس سال سے فائل بازو رکھی گئی ہے۔ انہوں نے مرکزی وزیر گری راج سنگھ کو اس سلسلے میں مکتوب روانہ کرتے ہوئے پوچھا کہ اس کے پیچھے کیا وجہ ہے۔ کے ٹی آر نے تلنگانہ کے بافندوں کے مستقبل کو نظر میں رکھتے ہوئے فوری کلسٹر منظور کرنے کا مطالبہ کیا۔

DRIVING JUPALLY

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راو نے کہا ہے کہ گاڑی سواروں کے ہیلمٹ۔ سیٹ بلٹ کے استعمال اور ٹریفک قواعد پر عمل آوری کے ذریعہ سڑک حادثات پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے آج نرمل میں آرائیو۔ آلائیو۔ پروگرام کے حصے کے تحت ضلع ایس پی۔ جانکی شرمیلا کے ساتھ پتنگ اڑائی۔

BHATTI

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے کہا ہے کہ ملک میں معاشی اور سماجی موضوعات کو گمراہ کرنے کے لئے کارپوریٹ طاقتیں پارلیمانی جمہوریت کے سامنے چیالنج پیش کررہی ہیں۔ انہوں نے آج کھمم میں سی پی آئی کی صدسالہ تقاریب کے موقع پر منعقدہ نیشنل سیمینار سے خطاب کیا۔ انہوں نے بائیں بازو جماعتوں سے اپیل کی کہ کارپوریٹ طاقتوں کو متحدہ جدوجہد کے ذریعہ روکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سی پی آئی کی سوسالہ تاریخ قربانیوں سے بھری ہوئی ہے۔

LABOUR ACT-AITUC

اے آئی ٹی یو سی کے قومی جنرل سکریٹری امرجیت کور نے مرکزی حکومت کی جانب سے لائے گئے چار لیبر قوانین پر عمل آوری کے خلاف بارہ فروری کو دس لیبر تنظیموں کی جانب سے ملک بھرمیں کی جانے والی ہڑتال کو کامیاب بنانے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کھمم ضلع میں

کیمونسٹ پارٹی کی صد سالہ اختتامی تقریب میں شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے اپنے خطاب میں الزام لگایا کہ اس قانون کے ذریعہ ورکرس کو فائدہ ہونے کی مرکز کی جانب سے جو بات کہی جارہی ہے وہ حقیقت نہیں ہے۔

KAREEM NAGAR

ضلع کریم نگر وینا ونکا منڈل مانیورووا گو سے ریت کے لئے کھدوائی کے الزامات پر ضلع کلکٹر پمیلا ستپتی کی جانب سے قائم کی گئی سات رکنی کمیٹی نے تحقیقات مکمل کرلی ہے۔ڈی جی پی ایس سروے کے ذریعہ بنیادی سطح سے کمیٹی نے غور کیا۔اور کہا کہ کنٹرا کٹر کی جانب سے جن مقامات پر اجازت دی گئی تھی وہیں کھدوائی کی گئی کہیں بھی غیر قانونی کھدوائی نہیں ہوئی۔انہوں نے یہ رپورٹ ضلع کلکٹر کو پیش کردی۔

SARVA BHASHA KAVI SAMMELAN

مشہور شخصیات اور مقررین نے کہا کہ آل انڈیا ریڈیو کی جانب سے قومی یکجہتی ۔لسانی ہم آہنگی اور تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لئے سروا بھاشا کوئی سلیمن کا انعقاد کیا جاتا ہے انہوں نے اس اقدام کی ستائش کی۔ یومِ جمہوریہ کے موقع پر آل انڈیا ریڈیو کی جانب سے ہر آ کاشوانی حیدرآباد کیندر کی جانب سے منعقد کیا جانے والا سروا بھاشا کوی سمیلن پیر کی شام حیدرآباد میں واقع تلگو یونیورسٹی کے سوراورم پرتاپ ریڈی آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔

اس موقع پر مشہور نغمہ نگار۔ایس اشوک تیجا۔اچاریہ ویلو دنڈا انتیا نندا راو۔ نے کہا کہ آ کاشوانی کی جانب سے سال 1956 سے سروا بھاشا کوی سمیلن کا انعقاد عمل میں لایا جارہا ہے جو کہ قابل ستائش ہے۔اس تقریب میں تلگو کوی۔نندنی سدھا ریڈی نے شرکت کرتے ہوئے اپنا کلام مرسی وال۔پیش کیا۔ کوی سمیلن میں 22 شعرا کے ہندی کلام کا ترجمہ تلگو دیش میں پیش کیا گیا۔یہ مکمل تقریب 25 جنوری کی رات ملک کے تمام آ کاشوانی کیندروں سے نشر کی جائے گی۔۔